SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

# سندھ ایکٹ نمبر IX مجریہ 1986
# SINDH ACT NO.IX OF 1986
# سندھ زرعی یونیورسٹی (ترمیم) ایکٹ، 1986
# THE SINDH AGRICULTURE UNIVERSITY (AMENDMENT) ACT, 1986

## فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)

1. مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

2. 1977 کے سندھ ایکٹ کے دفعہ 2 کی ترمیم

Amendment of section 2 of Sindh Act of 1977

3. 1977 کے سندھ ایکٹ کے دفعہ 15 کی ترمیم

Amendment of section 15 of Sindh Act of 1977

4. 1977 کے سندھ ایکٹ کے دفعہ 17 کی ترمیم

Amendment of section 17 of Sindh Act of 1977

5. 1977 کے سندھ ایکٹ کے دفعہ 26 کی ترمیم

Amendment of section 26 of Sindh Act of 1977

6. 1977 کے سندھ ایکٹ V میں دفعہ 28-A کا اضافہ

Insertion of Section 28-A in Sindh Act V of 1977

7. 1986 کے سندھ آرڈیننس IV کی منسوخی

Repeal of Sindh Ordinance IV of 1986

# سندھ ایکٹ نمبر IX مجریہ 1986
# SINDH ACT NO.IX OF 1986
# سندھ زرعی یونیورسٹی (ترمیم) ایکٹ، 1986
# THE SINDH AGRICULTURE UNIVERSITY (AMENDMENT) ACT, 1986

[26 نومبر 1986]

تمہید (Preamble)

ایکٹ جس کے ذریعے سندھ زرعی یونیورسٹی ایکٹ، 1977 میں ترمیم کی جائے گی۔

جیسا کہ سندھ زرعی یونیورسٹی ایکٹ، 1977 میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

اس پر اس طریقے سے بنایا جائے گا:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

1. (1) اس ایکٹ کو سندھ زرعی یونیورسٹی (ترمیم) ایکٹ، 1986 کہا جائے گا۔

(2) یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

1977 کے سندھ ایکٹ کے دفعہ 2 کی ترمیم
Amendment of section 2 of Sindh Act of 1977

2. سندھ زرعی یونیورسٹی ایکٹ، 1977 میں ، جس کو اس کے بعد مذکورہ ایکٹ کہا جائے گا، اس کی دفعہ 2، کی شق (i) کے بعد، مندرجہ ذیل اضافہ کیا جائے گا:

"(ii) "پرو وائیس چانسیلر" مطلب یونیورسٹی کا پرو وائیس چانسیلر؛".

1977 کے سندھ ایکٹ کے دفعہ 15 کی ترمیم
Amendment of section 15 of Sindh Act of 1977

3. مذکورہ ایکٹ کی دفعہ 15 کی ذیلی دفعہ (1) کی شق (i) کے بعد، مندرجہ ذیل اضافہ کیا جائے گا:

"(i-a) پرو وائیس چانسیلر؛".

1977 کے سندھ ایکٹ کے دفعہ 17 کی ترمیم
Amendment of section 17 of

4. مذکورہ ایکٹ کی دفعہ 17 کی ذیلی دفعہ (1) کی شق (i) کے بعد، مندرجہ ذیل اضافہ کیا جائے گا:

Sindh Act of 1977

“(i-a) پرو وائیس چانسیلر؛”.

1977 کے سندھ ایکٹ کے دفعہ 26 کی ترمیم
Amendment of section 26 of Sindh Act of 1977

5. مذکورہ ایکٹ کی دفعہ26 کی شق (i) کے بعد، مندرجہ ذیل اضافہ کیا جائے گا:
“(i-a) پرو وائیس چانسیلر؛”.

1977 کے سندھ ایکٹ V میں دفعہ 28-A کا اضافہ
Insertion of Section 28-A in Sindh Act V of 1977

6. مذکورہ ایکٹ کی دفعہ 28 کے بعد، مندرجہ ذیل اضافہ کیا جائے گا:
(“پرو وائیس چانسیلر) 28-A. (1) چانسیلر وائیس چانسیلر سے مشورہ کے بعد مین کیمپس یا اضافی کیمپس کے لئے، اگر کوئی ہو، ایک پروائیس چانسیلر مقرر کر سکتا ہے یا دونوں کیمپسز کے لئے مشترکہ طور یا الگ الگ، ایسے شرائط اور ضوابط پر اور اتنی مدت کے لئے جو بیک وقت چار سال سے زیادہ نہ ہو جیسا کہ چانسلر طئے کرکے مقرر کر سکتا ہے۔
(2) جہاں ایک پروائیس چانسلر ذیلی دفعہ (1) تحت مقرر کیا جاتا ہے، وہ اس ایکٹ سے ٹکرائو میں آنے کے سوائے، وائیس چانسلر کے ایسے اختیار اور کام سرانجام دے سکتا ہے اور ایسے دوسرے اختیار اور کام، کیمپس کے سلسلے میں، جس لئے مقرر کئے گئے ہے، جس طرح چانسلر کام سونپے۔“.

1986 کے سندھ آرڈیننس IV کی منسوخی
Repeal of Sindh Ordinance IV of 1986

7.سندھ زرعی یونیورسٹی (ترمیم) آرڈیننس، 1986 کو منسوخ کیا جاتا ہے۔

**نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لئے ہے، جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔**